# روہنگیا پناہ گزینوں کی جبری ملک بدری آئینی اور بنیادی انسانی حقوق کے خلاف

## پروفیسر سلیم انجینئر، نائب امیر، جماعت اسلامی ہند



نئی دہلی:15 رمئی: جماعت اسلامی ہند کے نائب امیر پروفیسر سلیم انجینئر نے روہنگیا پناہ گزینوں کی غیر انسانی اور جبری ملک بدری پر اپنی سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے میڈیا کے لیے جاری اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہم 43 روہنگیا پناہ گزینوں، جن میں خواتین، بچے، بزرگ اور بیمار شامل ہیں، کی جبری ملک بدری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔معتبر میڈیا رپورٹس کے مطابق ان پناہ گزینوں کو آنکھوں پر پٹیاں اور ہاتھ پیر باندھ کر نئی دہلی سے پورٹ بلیئر منتقل کیا گیا اور 8 مئی 2025 کو انہیں میانمار کے ساحل کے قریب بین الاقوامی سمندر میں چھوڑ دیا گیا۔ پروفیسر سلیم انجینیر نے کہا کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق حکام کی طرف سے متاثرین کو یہ کہا گیا کہ انھیں کسی محفوظ ملک منتقل کیا جا رہا ہے۔ جب یہ پناہ گزیں تیر کر ساحل پر پہنچے تو ان کو پتہ چلا کہ وہ دوبارہ اسی ملک میں واپس پہنچ چکے ہیں جہاں سے وہ نسل کشی سے بچنے کے لیے فرار ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ بات سچ ہے تو یہ بھارت کے آئینی اور انسانی اصولوں سے ایک افسوسناک اور شرمناک انحراف ہے۔ پروفیسر سلیم انجینئر نے مزید کہا کہ ہم حکومت کو یاد دلانا چاہتے ہیں کہ بھارت نے اقوام متحدہ کے کنونشن اگینسٹ ٹارچر کے منشور پر دستخط کئے ہیں جو ریفیولمنٹ یعنی کسی شخص کی ایسی جگہ جبری واپسی کی ممانعت کرتا ہے، جہاں اس کی جان یا آزادی کو خطرہ لاحق ہو۔ بین الاقوامی عدالت انصاف نے روہنگیا کو نسل کشی کا شکار قرار دیا ہے۔ ایسے میں انہیں میانمار واپس بھیجنا بین الاقوامی قوانین کے خلاف اور اخلاقی ذمہ داریوں سے فرار کے مترادف ہے۔ جن افراد کو ملک بدر کیا گیا وہ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزین (UNHCR) کے ساتھ رجسٹرڈ تھے اور ان کے پاس باقاعدہ شناختی کارڈز موجود تھے۔ ان کی جبری ملک بدری بین الاقوامی انسانی اصولوں اور بھارت کی تاریخ میں مظلوموں کے لیے پناہ گاہ کے کردار کے خلاف ہے۔ انسانوں کو مجرموں کی طرح ملک بدر کرنا وہ بھی سمندر میں ان کی جان خطرے میں ڈال کر، غیر انسانی اور ناقابل قبول ہے۔ ہم حکومت ہند سے مطالبہ کرتے ہیں کہ فوری طور پر روہنگیا پناہ گزینوں کی جبری ملک بدری کے سلسلے کو روکا جائے، ان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ظلم کے مرتکب افراد کو انصاف کے کٹھرے میں لایا جائے۔ پروفیسر سلیم نے کہا کہ ہم عدلیہ سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ بھارت کے آئین کی دفعہ 21 کے خلاف ہوئی اس کاروائی کا ازخود نوٹس لے اور مظلومین کو تحفظ فراہم کرے۔

# اکولہ، برسات سے قبل نالہ صفائی کے کام مکمل کیے جائیں: رکن اسمبلی ساجد خان پٹھان کا سخت انتباہ



اکولہ:15 رمئی: اکولہ شہر میں ہر سال برسات کے دوران نالوں کی ناقص صفائی کے باعث شہری علاقوں میں پانی بھر جانے اور گھروں میں پانی داخل ہونے کے واقعات معمول بن چکے ہیں۔ اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے رکن اسمبلی ساجد خان پٹھان نے میونسپل انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ نالوں کی صفائی اس بار مکمل معیار کے ساتھ کی جائے، تاکہ شہریوں کو مزید پریشانی کا سامنا نہ ہو، رکن اسمبلی ساجد خان پٹھان نے گزشتہ روز میونسپل افسران اور صفائی عملے کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں نالوں کا موقع پر معائنہ کیا اور صفائی کے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میونسپل کارپوریشن کی ڈپٹی کمشنر گیتا ٹھاکرے، سابق کارپوریٹر پرگ کاملے، محمد نوشاد، روی شنڈے اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ رکن اسمبلی نے کھڑکی، کملا نہرو نگر، گنگا نگر، گلزار پورہ، معصوم شاہ نگر، بائی پاس، بھگت واڑی، اندرا نگر، نازک نگر، ڈابکی روڈ اور دیگر متاثرہ علاقوں میں جاری صفائی کے کاموں کا بغور معائنہ کیا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ اس بار جدید مشینری کا استعمال کرتے ہوئے مکمل اور معیاری صفائی یقینی بنائی جائے تاکہ بارش کا پانی نالوں میں رکاوٹ پیدا نہ کرے اور شہری علاقوں میں داخل نہ ہو۔ انہوں نے سخت الفاظ میں خبردار کیا کہ اگر اس سال نالہ صفائی میں کسی قسم کی لاپروائی برتی گئی اور اس کے نتیجے میں شہریوں کے گھروں میں پانی داخل ہوا یا مالی نقصان ہوا تو اس کی مکمل ذمہ داری میونسپل انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے اور اس میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ گزشتہ کئی سالوں سے اکولا شہر میں نالہ صفائی کا کام ناقص انداز میں کیا جا رہا ہے، جس کے نتیجے میں ہر سال برسات کے موسم میں پانی شہری علاقوں میں گھس کر عوام کے لیے مشکلات کا باعث بنتا ہے۔ ساجد خان پٹھان نے واضح کیا ہے کہ اگر اس بار بھی یہی صورتحال پیدا ہوئی تو میونسپل کارپوریشن کو متاثرہ شہریوں کو مالی معاوضہ دینا ہوگا، بصورتِ دیگر شدید عوامی احتجاج شروع کیا جائے گا۔

# سلمان کبیر نگری کے اعزاز میں پکھرایاں میں اردو نشست کا کامیاب انعقاد

## اردو زبان تہذیب، شائستگی اور رواداری کی علامت ہے: سلمان کبیر نگری



پکھرایاں کانپور:15 رمئی (پریس نیوز) اردو زبان و ادب کی ترویج و اشاعت کے لیے گزشتہ روز مدرسہ عربیہ مدینتہ العلوم پکھرایاں میں ایک ادبی نشست کا انعقاد کیا گیا، جو سہ ماہی مجلہ نئی روشنی (سنت کبیر نگر) کے مدیر اور ممتاز اردو ادیب سلمان کبیر نگری کے اعزاز میں منعقد ہوئی۔ اس پُرمغز نشست میں مقامی اساتذہ، اہلِ قلم، طلبہ، اور زبان و ادب سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔ نشست کی صدارت کرتے ہوئے سلمان کبیر نگری نے کہا کہ اردو زبان نہ کسی مذہب کی میراث ہے اور نہ کسی خاص قوم کی، بلکہ یہ ہندوستانی گلی کوچوں، بازاروں، محفلوں میں بولی جانے والی اور دلوں میں رچی بسی ایک زندہ روایت ہے۔ اردو زبان اپنی خوبصورتی میں بے مثال ہے ملک ہندوستان کی عظمت رفتہ کی تاریخ اردو زبان و ادب سے عبارت ہے، اس زبان کو بلا تفریق مذہب وملت سبھی میں مقبولیت حاصل رہی، کتنے ادباء اور شعراء اس میدان میں آئے جنہوں نے اس زبان کو فروغ دیا اور پورے ملک کو اس زبان کی چاشنی عطاء کی سلمان کبیر نگری نے اس موقع پر اردو کے موجودہ منظرنامے پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اردو اب محض ایک لسانی وسیلہ نہیں، بلکہ ایک مکمل تہذیبی علامت بن چکی ہے۔ یہ زبان محبت، رواداری، شائستگی اور باہمی احترام کا درس دیتی ہے۔ دنیا کی مختلف زبانوں کے خوبصورت الفاظ اور تاثرات کو اردو نے اپنے دامن میں سمو کر ایک نرالی شان پیدا کی ہے۔ انہوں نے اردو کے فروغ کے لیے چند عملی تجاویز بھی پیش کیں: شادی کارڈز، بینرز اور پوسٹرز اردو میں بھی شائع کیے جائیں۔ اسکولوں، کالجوں اور مقامی سطح پر مشاعرے، سیمینار، بیت بازی، خوشخطی اور ادبی نشستوں کا اہتمام ہو۔ اردو اخبارات و رسائل گھروں میں لائے جائیں تاکہ نئی نسل اردو زبان سے جڑی رہے۔ انہوں نے کہا کہ اردو زبان سے جڑے رہنا ہم سب کی تہذیبی ذمہ داری ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنی روزمرہ زندگی میں اردو کا استعمال بڑھائیں، کتابیں پڑھیں، اور اپنی زبان کے تحفظ و ترویج میں کردار ادا کریں۔ نشست کے اختتام پر انہوں نے کہا: یہ نشست اردو زبان سے جڑے جذبات اور عزم کی ایک خوبصورت مثال بنی، جس نے حاضرین کو اردو کے مستقبل کے لیے سنجیدگی سے سوچنے پر مجبور کیا امید ہے کہ نسل نو اس جانب توجہ مبذول کرے گی اور اردو کی بقاء اور اشاعت کے لئے ہر ممکن ساعی رہے گی۔ ناظم مدرسہ مولانا عبدالماجد قاسمی نے اردو کی ترویج و اشاعت کے سلسلے میں کر رہے کام کے لیے محترم سلمان کبیر نگری صاحب کی پذیرائی کی اور ان کی خدمات کو سراہا انہوں نے کہا کہ اردو زبان اسی ملک میں وجود میں آئی ایک عرصے تک ملکی سطح پر اردو کا بول بالا رہا اس زبان کے اندر ایک تہذیب اور رواداری مضمر ہے اور یہ اپنے اندر بے مثال خوبصورتی اور جاذبیت رکھتی ہے جس سے کوئی بھی شہری اور کسی بھی مذہب کا ماننے والا کنارہ کشی نہیں کر سکتا ہمیں اردو زبان کو پورے ملک میں باقی رکھنے کے لیے ہر طرح کی کوششیں کرنی چاہیے تاکہ وقت کے ساتھ اس خوبصورت زبان کی چمک ماند نہ پڑ جائے۔ اس موقع پر مفتی محمد شاہد قاسمی، حافظ سیف الاسلام مدنی، مولانا عبدالواجد قاسمی مولانا خالد قاسمی، حافظ محمد احسان الحق صاحب مولانا فضل رب قاسمی خواص طور سے شریک رہے۔

## ماہانہ فاتحہ سراج المجذوبین حضرت برہنہ شاہ

# انتظامی کمیٹی کے زیر اہتمام حلقہ ذکر اور محفل نعت



حیدرآباد 15/مئی بی بی- (راست) انتظامی کمیٹی درگاہ شریف کے زیر اہتمام سراج المجذوبین حضرت سید خواجہ حسن برہنہ شاہ رحمتہ اللہ علیہ کی ماہانہ فاتحہ کے موقع پر بحسن نگرانی حضرت مولانا قاضی ابواللیث شاہ محمد غضنفر علی قریشی اسد ثنائی صدر نشین انتظامی کمیٹی جمعہ 17/ ذیقعدہ مطابق 16/مئی کو حسب نظام العمل ذیل پروگرامز منعقد ہوں گے بعد نماز مغرب جماعت محبوب اللہ قصیدہ بردہ شریف پیش کرے گی بعد نماز عشاء سما نشید گروپ دف پر نعت ومنقبت کے نذرانے پیش کریں گے بعد ازاں صدر محفل کی نگرانی میں حلقہ ذکر برپا ہوگا ازاں بعد بارگاہ سراج المجذوبین میں غلاف مبارک اور چادر گل پیش کی جائے گی صلوٰۃ وسلام اور دعا کے بعد زائرین وحاضرین حلقہ ذکر کے لئے لنگر کا اہتمام رہے گا نور القراء حضرت مولانا حافظ وقاری محمد نور نقشبندی کی تلاوت کلام پاک سے محفل کا آغاز ہوگا حضرت مولانا ابوعمار عرفان اللہ شاہ نوری سیفی صدر نشین مرکزی انجمن سیف الاسلام، حضرت مولانا قاضی حافظ خالد بن سعید بانجاح قادری، جناب قاری غوث محی الدین قادری سپریٹنڈنٹ اگریکلچر یونیورسٹی بحیثیت مہمانان خصوصی شرکت فرمائیں گے ذمہ داران کمیٹی مولانا حافظ مظفر حسین خان، ڈاکٹر یوسف نقشبندی نائب صدور، جناب محمد حسین قریشی معتمد، جناب مظہر الدین صدیقی، جناب سید شمس الاکبر علی ہاشمی نائبین معتمد، جناب محمد عزیز الرحمن خازن، جناب جی یم منظور معتمد تنظیمی، ڈاکٹر محمد لیس، جناب محمد شمس الدین، جناب خواجہ معین خان اراکین کمیٹی نے محبان اولیاء اللہ سے شرکت واستفادہ کی گزارش کی ہے۔

# شہر کے محلہ نبی گنج میں بزم عزیز کا ماہانہ طرحی مشاعرہ منعقد



بارہ بنکی:15 رمئی (ابوشحمہ انصاری) بزم عزیز کا ماہانہ طرحی مشاعرہ بزم کے بانی وصدر الحاج نصیر انصاری کے مکان واقع اکبر نگر نبی گنج میں منعقد ہوا۔ اس خوبصورت مشاعرے کی صدارت اختر جمال عثمانی نے کی جبکہ نظامت کے فرائض ہزیل لعل پوری نے انجام دیے۔ مشاعرے کے مہمانانِ گرامی میں جناب ہاشم علی ہاشم اور جناب محسن قدوائی خصوصی طور پر شریک رہے۔ محفلِ مشاعرہ میں شعرا نے طرحی کلام پیش کر کے داد و تحسین حاصل کی۔ منتخب اشعار قارئین کی نذر:

میرے ان کے درمیاں باتیں ہوئیں جو پیار کی
جانے کیسے بن گئیں وہ سرخیاں اخبار کی

**نصیر انصاری**

جان دے کر خود بچا لے جائیں جو اغیار کی
کوئی حد ہے ہی نہیں اس شخص کے ایثار کی

**ہاشم علی ہاشم**

عشق سے ایمان سے اخلاص سے اتوار سے
ہم نے جب چاہا ہے اپنی زندگی گلزار کی

**محسن قدوائی**

اپنی بربادی کی اس نے خود زمیں تیار کی
عشق میں حد ادب جب بھی کسی نے پار کی

**ہزیل لعل پوری**

اے گناہوں کے پجاری کچھ خبر بھی ہے تجھے
کر رہا ہے کوئی نگرانی ترے کردار کی

**مختار فاروقی**

لاج رکھ لیجیے خدارا خواہش دیدار کی
حالت اب اچھی نہیں ہے آپ کے بیمار کی

**صغیر نوری**

حسن سیرت کی نہیں نہ اچھے ہی کردار کی
ہو رہی ہے قدر جتنی آجکل مکار کی

**ڈاکٹر ریحان علوی**

آج پہلی بار مجھ پر ظلم کا ٹوٹا پہاڑ
آج پہلی بار میں نے صبر کی حد پار کی

**حافظ اثر سیدن پوری**

سر بچانے والے اپنا سر بچا کر کے گئے
دے کے سر ہم نے بچا لی آبرو دستار کی

**طفیل زید پوری**

قیمتیں جب بڑھ گئیں ہیں حسن کے بازار کی
اہمیت پھر کیا بچے گی سیرت کردار کی

**مسٹر امیٹھوی**

یوں تو ہوتی رہتی ہیں باتیں بہت تکرار کی
عشق ہو جائے تو گنجائش کہاں انکار کی

**شعیب کامل**

آپ کا پردہ بجا ہے آپ پردہ کیجیے
پر کوئی صورت تو ہوگی آپ کے دیدار کی

**ماسٹر عرفان انصاری**

کام کوئی کر کے جا ایسا رہے جب تک جہاں
لوگ تعریفیں کریں سرور ترے کردار کی

**سرور کنتوری**

ڈھابلی کے سمت جب بلی بڑھی تو کیا ہوا
مرغیاں پڑھنے لگیں تسبیح استغفار کی

**بیڈھب بارہ بنکوی**

کیا سر محفل کسی نے آپ کو کچھ کہہ دیا
کیوں ہے بدلی بدلی رنگت آپ کے رخسار کی

**شمس ذکریاوی**

عیش و عشرت میں سبھی تھے روبرو میرے مگر
مشکلیں دیکھی نہیں غم میں کسی غم خوار کی

**شوق سہالوی**

اس باذوق مشاعرے میں ان کے علاوہ عرفان بارہ بنکوی، بشر مسولوی، نظر مسولوی، حافظ معراج بارہ بنکوی، نفیس بارہ بنکوی، عباس کاشف، زید مظہر، آرف شہاب پوری، متیع اللہ حسینی فتح پوری، دھیرج بارہ بنکوی وغیرہ نے بھی اپنے طرحی کلام سے سامعین کو محظوظ کیا۔ آخر میں قل شریف پڑھ کر مائل چوکھنوی، قمر ٹکیت گنجوی اور اثر بہرائچی کے لیے ایصالِ ثواب کیا گیا۔ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور ان کے اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔ مشاعرہ کے اختتام پر صاحبِ خانہ الحاج نصیر انصاری نے اعلان کیا کہ آئندہ ماہ کا طرحی مصرعہ درج ذیل ہوگا:

"گر نہ ہوشدت تو غم کس کام کا"

# محمد عقیل احمد دانش کو اُردو میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری



حیدرآباد 15-مئی (پریس نوٹ) ایڈشنل کنٹرولر آف ایگزامینشن، عثمانیہ یونیورسٹی، حیدرآباد کی اطلاع کے بموجب محمد عقیل احمد دانش کو اُردو میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے اُردو میں اپنا تحقیقی مقالہ بعنوان الکٹرانک میڈیا میں اُردو زبان اور ادب کا استعمال، ڈاکٹر عسکری صفدر، سابق پرنسپل گورنمنٹ ڈگری کالج فار ویمن، حسینی علم، حیدرآباد کے زیر نگرانی داخل کیا۔ 22 اپریل 2025 کو عثمانیہ یونیورسٹی کے آرٹس اینڈ سوشل سائنس کالج میں منعقدہ وائی وا ووسی میں ڈاکٹر رضوانہ بیگم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اُردو، اندرا پریہ درشنی گورنمنٹ ڈگری کالج برائے نسواں، ناملی، حیدرآباد اور ڈاکٹر فاطمہ آصف نے بطور ممتحن شرکت کرتے ہوئے موضوع سے متعلق مختلف سوالات کئے۔ محمد عقیل احمد دانش کا تعلق ضلع ورنگل کے محلہ شیر پورہ سے ہے اور وہ مرحوم محمد غوث صاحب، محکمہ جنگلات اور محترمہ قمر سلطانہ مرحومہ مغفورہ کے فرزند ہیں۔ انہوں نے اس تحقیقی کام میں پروفیسر فاطمہ بیگم پروین، سابق وائس پرنسپل آرٹس کالج، عثمانیہ یونیورسٹی کی رہنمائی سے بھی استفادہ حاصل کیا۔ تحقیق کے دوران تعاون کرنے والے اساتذہ کرام اور اداروں بالخصوص تلنگانہ اسٹیٹ آرکائیوز اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے ذمہ داروں اور سینئر صحافی میر فاروق علی سے انہوں نے اظہار تشکر کیا ہے۔

# مانو کا ترکیہ سے یادداشت مفاہمت کو منسوخ کرنے کا فیصلہ

حیدرآباد، 15 مئی (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے ترکی کے یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ اپنے یادداشت مفاہمت کو فوری طور پر منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ فیصلہ ہند پاک کشیدگی کے پس منظر میں پاکستان کی دہشت گردانہ کارروائیوں کو ترکیہ کی تائید کے بعد بطور احتجاج کیا گیا۔ گذشتہ برس 2 جنوری 2024 کو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے پانچ سال کی مدت کے لیے یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ، ترکیہ کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے تھے جس کے تحت اسکول برائے السنہ، لسانیات اور ہندوستانیات، مانو میں ایک ڈپلومہ ترکیہ زبان میں شروع کیا گیا تھا۔ جس کے لیے ترکیہ کے ایک وزیٹنگ پروفیسر کی خدمات حاصل کی گئی تھی۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ترکیہ کے وزیٹنگ پروفیسر اپنے وطن واپس جا چکے ہیں۔

# ملک شام کے تعلق سے سعودی عرب کا موقف قابل مبارکباد



نئی دہلی: 15 رمئی (پریس ریلیز) یوں تو مملکت سعودی عرب اسلام، مسلمانوں کی بہی خواہ تو ہے ہی، لیکن پورے عالم میں انسانیت کے تعلق سے کہیں پر بھی کوئی حادثہ یا آفت ناگہانی پیش آجائے تو اللہ کے فضل وکرم سے سعودی حکمراں دادرسی کے لئے وہاں تک ضرور پہنچتے ہیں، اور جس قدر بھی ان کا تعاون یا اشک شوئی ہوسکتی ہو ضرور کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیۃ علماء ہند کے جنرل سکریٹری مولانا عزیر احمد قاسمی نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے، (ترجمہ) 'ان کے (یعنی منافقین کے) اکثر خفیہ مشوروں میں کوئی خیر نہیں، ہاں بھلائی اس کے مشورے میں ہے جو خیرات کا، یا نیک بات کا، یا لوگوں میں صلح کرانے کا حکم کرے، اور جو شخص صرف اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے ارادے سے یہ کام کرے اسے ہم یقینا بہت بڑا ثواب دیں گے'۔ (سورۃ النساء آیت: ۱۱۴)۔ مولانا نے مزید فرمایا کہ چونکہ لوگوں کے درمیان، یا حکومتوں کے درمیان، یا لڑتے ہوئے دوفریقوں کے درمیان صلح کرانا نہایت عظیم کام ہے، جس کی منجانب اللہ تعریف کی گئی ہے، نیز اس پر ابھارا گیا ہے، اسی کے پیش نظر مملکت سعودی عرب کے قائدین اور خاص طور پر شاہ سلمان اور ان کے صاحبزادے محترم امیر محمد بن سلمان حفظہما اللہ پوری کوشش کرتے ہیں، چنانچہ حالیہ دنوں میں یہ بات مشاہدہ میں آئی کہ ہندو پاک کے درمیان جو جنگ چھڑی تھی، اور اب اللہ کے فضل سے رک گئی، اس کے رکوانے میں مملکت سعودی عرب کا بڑا تعاون رہا ہے، چنانچہ انہوں نے وزارت خارجہ سے عالیجناب ڈاکٹر عادل الجبیر حفظہ اللہ کو اپنا نمائندہ اور قاصد بنا کر بھیجا، بفضلہ تعالیٰ ان حضرات کی وساطت کام آئی، اور دونوں ملک ایک بڑے خطرے سے بچ گئے۔ اللہ تعالیٰ مملکت کو نیز ہم سب کو اپنی حفظ وامان میں رکھے، اور ان قائدین کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم ودائم رکھے۔

# حضرت امیر شریعت وذمہ داران امارت شرعیہ نے بزرگ عالم دین حضرت مولانا صفی الرحمن قاسمی صدر المدرسین مدرسہ اسلامیہ شکر پور بھروارہ کی عیادت کی




پھلواری شریف:15/مئی 2025: پریس ریلیز: مرکزی دفتر امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ سے حضرت مولانا سید احمد ولی فیصل رحمانی مدظلہ امیر شریعت بہار اڑیسہ وجھارکھنڈ کی قیادت میں امارت شرعیہ کے اہم ذمہ داران نے بزرگ عالم دین حضرت مولانا صفی الرحمن قاسمی صدر المدرسین مدرسہ اسلامیہ شکر پور کی خدمت میں پہنچ کر عیادت کی، واضح رہے کہ حضرت مولانا صفی الرحمن قاسمی صاحب کو آٹھ ماہ قبل پیرالائز کا عارضہ پیش آیا تھا، جس کی وجہ سے وہ ان دنوں مسلسل بیمار چل رہے ہیں، آپ نے شمالی بہار کے معروف دینی ادارہ مدرسہ اسلامیہ شکر پور بھروارہ میں ناظم تعلیمات اور استاذ حدیث کی حیثیت سے 37/سال مثالی خدمات انجام دیں، ان کی علالت کی وجہ سے ایک جانب علمی حلقوں اور ان کے شاگردوں میں مایوسی وبے چینی کی کیفیت ہے تو دوسری جانب ایک معروف دینی درسگاہ کا پررونق احاطہ ان کی بافیض شخصیت سے محروم ہے۔ اللہ سے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت والا کو جلد از جلد مکمل صحت یاب فرما دے۔ عیادت کرنے والوں میں حضرت امیر شریعت کے علاوہ امارت شرعیہ کے قائم مقام ناظم جناب مفتی محمد سعید الرحمن قاسمی وصدر مفتی، قاضی شریعت جناب مولانا مفتی محمد انظار عالم قاسمی، نائب ناظم امارت شرعیہ جناب مفتی محمد ثناءالہدیٰ قاسمی، معاون ناظم امارت شرعیہ جناب مولانا احمد حسین قاسمی مدنی کے علاوہ جناب حافظ احتشام رحمانی شریک وفد تھے۔

# علامہ اقبال اردو ہائی سکول نا ندیڑ کے نتائج سو فیصد

ناندیڑ:15 رمئی (راست) ہر سال کی طرح امسال بھی علامہ اقبال اردو ہائی سکول سڑکو ناندیڑ نے اپنی روایت برقرار رکھتے ہوئے دسویں کے صد فیصد نتائج حاصل کیے ہیں۔ علامہ اقبال اردو اسکول سڑکو ناندیڑ میں غریب طلباء کی تعلیمی ترقی کے لیے پچھلے کئی سالوں سے جدوجہد کر رہا ہے۔ یہاں تعلیم حاصل کرنے والے اکثر طلبہ غریب گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ٹیچرز کی محنت اور اسکول کی سوسائٹی کے ذمہ داران خصوصیت کے ساتھ سید یونس صاحب اور میرا خان صاحب کی لگن وہ نگرانی سے طلبہ کا معیار تعلیم بلند ہو رہا ہے۔ جس کا عملی نمونہ امسال دسویں کے صد فیصد نتائج ہیں۔ ناندیڑ میں مخلوط تعلیمی اداروں میں صد فیصد نتائج حاصل کرنے والا علامہ اقبال اردو ہائی اسکول پہلا اسکول ہے واضح رہے کہ علامہ اقبال اردو ہے اسکول سیلف فائنانس پر چلتا ہے۔ تمام طلبہ کی کامیابی پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر سید عثمان سر اور پرائمری سکول کے ہیڈ ماسٹر عبدالبشیر سر اور میرا خان صاحب سید یونس صاحب نے ودیگر اساتذہ نے مبارکباد پیش کرتے ہوئے طلبہ کے مستقبل میں نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

# اکولہ کے سابق لیب اٹینڈنٹ احسان اللہ خان کی خانہ کعبہ کے سامنے نماز کے دوران وفات



اکولہ:15 رمئی (ڈاکٹر ذاکر نعمانی) اکولہ شہر کے معروف تعلیمی ادارے کے عثمان آزاد اردو ہائی اسکول رتن لال پلاٹ، اکولہ کے سابق لیب اٹینڈنٹ احسان اللہ خان انتقال کر گئے۔ ان کا انتقال 13 مئی کو مکہ مکرمہ میں خانہ کعبہ کے سامنے ظہر کی نماز کی چوتھی رکعت کے آخری سجدے کی حالت میں ہوا۔ ذرائع کے مطابق، احسان اللہ خان حج کے مقدس سفر پر سعودی عرب گئے ہوئے تھے۔ ان کی یہ روح پرور موت پورے علاقے میں عقیدت واحترام کے ساتھ یاد کی جا رہی ہے۔ جیسے ہی یہ خبر اکولہ پہنچی، علاقے میں غم واندوہ کی فضا چھا گئی اور ہر شخص ان کے اس بابرکت انجام پر رشک کرنے لگا۔ احسان اللہ خان کی تدفین مکہ مکرمہ ہی میں عمل میں آئی۔ مرحوم اپنے پیچھے دو بیٹیاں اور ایک بیٹا چھوڑ گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آمین یارب العالمین۔

# وقف ترمیمی قانون کے خلاف مشاورتی نشست گنج شہیداں مسجد میں اہم اجلاس، تمام ذمے دار افراد سے شرکت کی اپیل

اورنگ آباد:15 رمئی: آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ کے مقامی ذمے داران کی جانب سے وقف ترمیمی قانون کے خلاف ۲۵ مئی ۲۰۲۵ کو منعقد احتجاجی پروگرام کے سلسلے میں ایک اہم مشاورتی نشست کا انعقاد آج جمعہ بعد نمازِ عشاء بمقام گنج شہیداں مسجد، شب ۹ بجے کیا جا رہا ہے۔ یہ نشست مفتی محمد معیز الدین قاسمی، مولانا محفوظ الرحمن فاروقی اور مولانا الیاس خان فلاحی کی دعوت پر منعقد کی جا رہی ہے، جس میں علماء کرام، ائمہ مساجد، مساجد کمیٹیوں کے ذمے داران، مذہبی، سماجی وسیاسی تنظیموں کے رہنما اور وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی حیثیت میں ملت کے ذمے دار ہیں، شرکت کریں۔ نشست کا مقصد وقف ترمیمی قانون کے خلاف ۲۵ مئی ۲۰۲۵ کو منعقد احتجاجی پروگرام کے سلسلے میں مشاورت ہیں۔ یہ پروگرام گزشتہ ماہ کی ۲۸ تاریخ کو ہونے والا تھا مگر حالات کے مدّنظر ذمے داران نے اسے مؤخر کیا تھا اب یہی پروگرام ۲۵ مئی کو ہونے جا رہا ہے بورڈ کے ذمداران نے تمام باشعور ذمے دار افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ اس نازک موقع پر اپنی دینی وملی ذمے داری کا احساس کرتے ہوئے اس اہم مشاورتی اجلاس کا حصہ بنیں۔ مقامی رہنماؤں نے واضح کیا ہے کہ یہ محض ایک اطلاع نہیں بلکہ دعوت نامہ ہے، اور تمام حلقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے ذمے داران سے پُرزور اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنی موجودگی سے ملت کی اجتماعی آواز کو مضبوط بنائیں۔ مزید تفصیلات کے لیے مولانا عبدالشکور جامعی صاحب کو اس نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ 93705 12624

# صوفی منصور الحسن شاہ کا عرس انتہائی جوش وجذبہ کے ساتھ منایا گیا

## ملک بھر سے آئے ہزاروں عقیدت مندوں نے کی شرکت، ذکر واذکار کی مجالس کا اہتمام

ممبئی:15 رمئی (آفتاب شیخ) عروس البلاد ممبئی، بھانڈوپ کے کھنڈی پاڑا علاقے میں واقع درگاہ قطب الاولیاء حضرت خواجہ صوفی منصور الحسن شاہ ابوالعلائی جہانگیری کا امسال تیسواں سالانہ عرس منایا گیا اور جس کا آغاز بروز جمعرات مورخہ 8 مئی کو ہو چکا ہے اور عرس کا اختتام بروز پیر 12 مئی کو ہوا عرس کی تقریبات کی بدولت کھنڈی پاڑہ درگاہ روڑ دن میں دلہن اور شب میں بقعۂ نور بن چکا تھا، شب وروز زائرین وعقیدت مندوں کی بڑی تعداد عرس کی تقریبات میں شرکت کے لئے تشریف لا رہے تھی۔ ملک بھر کے مختلف علاقوں سے عقیدت مند، تن تنہا، بمع اہل وعیال وکثیر تعداد میں حاضری دینے پہنچ رہے تھے، خانقاہ محفل منصوری، کھنڈی پاڑہ پر بھی عرس کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا جس دوران ہزاروں عقیدتمندوں نے تقریبات میں شرکت کر کے ذکر واذکار کی مجالس میں شرکت کی۔ منصور میاں نے اسلام، امن وبھائی چارہ کا درس دے کر انسانیت کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لایا اور تصوف کا درس دیا ہے تصوف کا آئینہ خالق اور مخلوق کے تعلق کی بنیاد ہے یہ وہ راستہ ہے کہ انسان کا اسکے خالق سے رشتہ استوار کرتا ہے۔ رضائے الٰہی اور محبت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصول کا بہترین ذریعہ اولیاء کرام کی نسبت ہے۔ ان کے ذریعے دینی رہنمائی کا کام ساری زندگی ہوتا رہا اور 1996 میں آپ اس دار فانی سے عالم جاودانی کی جانب کوچ فرما گئے۔

